دی پنجاب سکول

سرکلر نمبر: **01/2026** تاریخ: **19 جنوری 2026**

محترم والدین!

السلام علیکم

گزشتہ کئی سال سے والدین کی سہولت کے پیشِ نظر دی پنجاب سکول طلبہ وطالبات کو اعلیٰ معیار کے سکول بیگز بازار میں دستیاب سکول بیگز کی نسبت کافی کم قیمت پر فراہم کر رہا ہے۔ سکول کی طرف سے فراہم کردہ بیگز کے معیار اور مناسب قیمت کو والدین کی کثیر تعداد نے نہ صرف سراہا ہے بلکہ اس خواہش کا اظہار بھی کیا ہے کہ یہ سلسلہ آئندہ بھی برقرار رہے۔

والدین کی تجاویز اور مشاورت کے پیشِ نظر اس سال ان کے معیار کو پہلے سے بھی بہتر کرنے کی کوشش کی گئی ہے، علاوہ ازیں ان بیگز کی تیاری میں اس امر کا خاص خیال رکھا گیا ہے کہ ان کی گنجائش مختلف کلاسز میں کتابوں اور نوٹ بکس کی تعداد کے مطابق ہو۔ پورے سکول میں ایک ہی طرح کے سکول بیگ کی فراہمی کا مقصد یکجہتی، مساوات اور ہم آہنگی کا فروغ ہے۔

مختلف کلاسز کے لیے تیار کیے گئے بیگز کی تفصیل درج ذیل ہے۔

(i) کلاس نرسری اور پریپ تک کے لیے	سمال سائز	1700/-
(ii) کلاس I سے کلاس III کے لیے	میڈیم سائز	1800/-
(iii) کلاس IV سے کلاس VII کے لیے	لارج سائز	1900/-
(iv) کلاس VIII, IX اور X کے لیے	ایکسٹرا لارج سائز	2200/-

جو والدین اپنے بچوں کے لیے سکول بیگ خریدنا/نہ خریدنا چاہتے ہوں، وہ درج ذیل (Proforma) پُر کر کے 23 جنوری 2026 تک کلاس ٹیچر کو ارسال کر دیں، تاکہ بیگ خریدنے والے طلبہ وطالبات کے سکول بیگ کی قیمت مارچ 2026 کے سکول فیس کے چالان میں شامل کر دی جائے۔ یہ (Proforma) تمام کلاسز کے طلبہ اور طالبات کے لیے ہیں۔

نوٹ:۔ یہ بیگ پورا سال سکول میں دستیاب ہوں گے اور بوقتِ ضرورت سکول سے خریدے جا سکیں گے۔

شکریہ

آپ کے تعاون کی متمنی
سکول انتظامیہ

<u>وصول کنندہ</u>

تمام طلبہ وطالبات

ٹاؤن شپ، جوہر ٹاؤن، کوٹ خواجہ سعید، خیابانِ جناح اور واپڈا ٹاؤن کیمپس

میں اپنے بیٹے/بیٹی ______________ سٹوڈنٹ نمبر ____________ کلاس/سیکشن ____________ کے لیے سکول بیگ خریدنا/نہیں خریدنا چاہتا/چاہتی ہوں۔

دستخط والد/والدہ ______________